کی دُعائے خیر سے ہوا، آخر میں مہمانوں کی ضیافت بھی کی گئی۔

مورخہ 10,9 اپریل کو 14 ویں سالانہ فری آئی کیمپ کی مختصر رپورٹ

دینی تعلیم و تربیت کے ساتھ ساتھ سماجی خدمات کا مستقل تسلسل قائم کر کے جامعہ علوم اُثریہ جہلم نے غریب عوام کے دل موہ لئے، ان خیالات و تاثرات کا اظہار جہلم میں 14 ویں سالانہ انٹرنیشنل فری آئی کیمپ کے موقع پر مریضوں، ان کے لواحقین اور ہر شعبہ زندگی سے تعلق رکھنے والے لوگوں نے اپنے ذاتی مشاہدہ کے موقع پر رئیس الجامعہ حافظ عبدالحمید عامر سے کیا ہے۔ یاد رہے کہ دینی علوم کی بین الاقوامی یونیورسٹی (جامعہ علوم اُثریہ) جو گزشتہ (36) سال سے قرآن و حدیث کی اعلیٰ تعلیم کا شاندار ریکارڈ رکھتی ہے۔ یہ ادارہ دینی تعلیم کے ساتھ ساتھ عوام کی سماجی خدمت میں بھی پیش پیش ہے۔ یتیم بچوں کیلئے وظائف، رمضان المبارک کے موقع پر راشن کی تقسیم، اُثریہ ٹرسٹ ہسپتال بھٹیال و اُثریہ فری ڈسپنسری، مساجد کی تعمیر اور آبنوشی کی سکیموں کے ساتھ ساتھ گزشتہ چودہ (14) سال سے مسلسل فری آئی کیمپ کا انعقاد کیا جا رہا ہے۔ گزشتہ سالوں کی طرح امسال بھی ہزاروں مریضوں کی آنکھوں کا مفت معائنہ، فری عینکیں اور ادویات مہیا کرنے کے ساتھ ساتھ مریضوں کو رہائش اور کھانا بھی فری دیا گیا، آپریشن سے قبل مریضوں کے یورن اور شوگر ٹیسٹ بھی فری کئے گئے۔ مریضوں کے علاج معالجہ کیلئے سعودی عرب کی این جی او ''البصر انٹرنیشنل فاؤنڈیشن'' اور ''نور دبئی'' کے تعاون سے الابراہیم آئی ہسپتال کراچی کے بین الاقوامی شہرت کے حامل ماہر ڈاکٹروں اور پیرا میڈیکل سٹاف کی پندرہ (15) رکنی ٹیم ڈاکٹر فخر الدین کی قیادت میں کیا۔ جبکہ ان کی معاونت میں جامعہ علوم اُثریہ کے اساتذہ وطلبہ، اہل حدیث یوتھ فورس، اہل حدیث سٹوڈنٹس فیڈریشن اور الاحسان ویلفیئر کے جوانوں کے علاوہ انجمن اہل حدیث (رجسٹرڈ) و مرکزی جمعیت اہل حدیث کے احباب پیش پیش رہے۔ زنانہ کیمپ میں جامعہ اُثریہ للبنات کی معلمات وطالبات کے علاوہ جہلم کی دیگر خواتین نے بھرپور حصہ لیا۔ اس مرتبہ کیمپ میں تین ہزار سے زائد مریضوں کا فری چیک اپ کیا گیا جبکہ سینکڑوں مریضوں کی آنکھوں کا آپریشن کیا گیا اور تمام مریضوں کو لینز بھی فری ڈالا گیا۔ یاد رہے کہ یہ کیمپ علاقے کا سب سے بڑا فری آئی کیمپ ہے۔ جہاں جامعہ علوم اُثریہ کی عظیم الشان سہ منزلہ بلڈنگ کی ایک چھت تلے یہ سارے کام سرانجام دیئے جاتے ہیں۔ اس موقع پر صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے رئیس الجامعہ حافظ عبدالحمید عامر نے بتایا کہ الحمدللہ کہ آج تک اس کیمپ میں ہونے والے آپریشن کے تمام مریضوں کو اللہ رب العزت نے صحت و عافیت سے نوازا اور کسی مریض سے کوئی شکایت موصول نہ ہوئی، اس پر ہم اللہ کا جتنا بھی شکریہ ادا کریں وہ کم